روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 4 مئی 2007ء 16 ربیع الثانی 1428 ہجری 4 ہجرت 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 97

مصیبت کے وقت کی دعا

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کرب اور مصیبت کے وقت یہ دعا کرتے تھے:۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عظیم اور حلیم ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمانوں اور زمینوں کا بھی رب ہے اور عرش عظیم کا بھی رب ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب الدعاء عندالکرب حدیث نمبر:5869)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت میاں رحمت اللہ صاحب سکنہ طغل والہ قادیان بیان کرتے ہیں کہ:۔

''میری چھوٹی ہمشیرہ کو طاعون ہوگئی جو کہ اس وقت خدا تعالیٰ کے فضل سے زندہ موجود ہے۔ دو دن بالکل بول نہ سکی۔ تیسرے یوم کچھ ہوش آیا۔ اشارہ سے کہا کہ مجھے خواب آیا ہے مسیح موعود ہمارے گھر میں آئے ہیں۔ میرے بدن پر پھونک ماری ہے۔ میں اسی وقت قادیان پہنچ گیا۔ سارا حال حضرت کو سنایا۔ حضور نے فرمایا کہ بس اللہ تعالیٰ نے فضل کر دیا۔ گھبرانے کی بات نہیں۔ مجھے ہدایت فرمائی کہ طغل والہ ان دنوں میں قادیان نہ آویں اور میں آپ کے لئے اور آپ کے گھر کے لئے دعا کروں گا۔ دعا کے لئے ہدایت فرمائی۔

(رجسٹر روایات نمبر 8 ص 75)

حضرت میاں گوہر دین صاحب ولد میاں بھاگو قادر آباد (نواں پنڈ) متصل قادیان بیان کرتے ہیں کہ:۔

مرزا سلطان احمد کی بستی میں ایک نوجوان کو طاعون کی مرض ہوئی۔ تب خاکسار نے حضرت مسیح موعود کے حضور میں آکر عرض کی کہ حضور ہمارے گاؤں میں طاعون آ گئی ہے۔ حضور نے فرمایا کہ جا کر چھت پر کھڑے ہو کر یہ اعلان کر دو کہ لوگو! تین گھنٹہ کے اندر اندر میرے ساتھ ایک مہینہ کی رسد لے کر اور اپنا تمام سامان وغیرہ لے کر گاؤں سے باہر جا کر ڈیرہ لگانے کے لئے جو میرے ساتھ آئے گا وہ تو میرے ساتھ رہے گا اور جو اس کے بعد آئے گا اس کو ہرگز پاس نہ رہنے دینا۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا اور میرے ساتھ کل ایک گھر سے آدمی شریک ہوئے اور باقی لوگوں نے ضد کی۔ آخر وہ بھی چند دنوں کے بعد گاؤں سے باہر رہائش اختیار کرنے کے لئے نکلے تو میں نے کسی کو بھی پاس نہ رہنے دیا۔ انہوں نے علیحدہ ڈیرہ رکھا۔ میرے گھر کا اور میرے ساتھ نکلنے والوں کا کوئی آدمی بھی نہیں مرا، نہ بیمار ہوا۔ باقی گاؤں کا گاؤں ہی قریباً تباہ ہو گیا۔ کچھ تو مر گئے اور بہت سارے بیمار پڑے تھے۔ صرف تین آدمی تندرست تھے۔ میرے کہنے پر انہوں نے خواہش کی کہ ہم حضرت مسیح موعود کے حضور جا کر دعا کراتے ہیں۔ چنانچہ میں ان تینوں کو ساتھ لے کر آیا اور حضور کو (بیت) اقصیٰ کی سیڑھیوں پر ملا اور ان شخصوں کا ذکر کیا۔ حضور نے ان تینوں شخصوں کو اپنے پاس بلوایا اور ان سے فرمایا کہ میں اب تو دعا کرتا ہوں اور انشاء اللہ خدا تعالیٰ قبول فرمائے گا، پر سچے دل سے (احمدی) ہو جاؤ تا کہ اس عذاب سے بچ جاؤ۔.......... اس کے بعد وہ خود محفوظ رہ گئے اور ان کے گھر کے آدمی جو بیمار پڑے تھے بغیر کسی دوائی کے اسی دن سے ہی تندرست ہونے شروع ہو گئے۔'' (رجسٹر روایات نمبر 8 ص 246)

حضرت چوہدری فضل محمد صاحب دکاندار ہرسیاں والے مہاجر قادیان تحریر کرتے ہیں کہ:۔

ایک دفعہ حضور سیر کے واسطے باہر گئے اور میں بھی ساتھ تھا۔ جب واپس تشریف لائے اور اندر گھر میں داخل ہونے لگے تو میں نے جھٹ آگے ہو کر عرض کی کہ حضور میں نے سنا ہے کہ پہلے زمانہ میں بزرگ اگر کسی کو کچھ تکلیف ہوتی تھی تو اس پر وہ اپنے منہ کی لعاب لگا دیا کرتے تھے تو اس کو شفا ہو جاتی تھی۔ میری آنکھوں پر ہمیشہ پھنسیاں نکلتی رہتی ہیں۔ اس پر حضور مسکرا پڑے اور کچھ پڑھ کر آنکھوں پر دم کیا۔ اس روز سے آج تک پینتیس برس گزر گئے میری آنکھ پر کبھی پھنسی نہیں ہوئی بلکہ میری آنکھیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے کبھی دکھنے ہی نہیں آئیں، یہ ایک معجزہ ہے۔

(رجسٹر روایات نمبر 14 ص 278)

مکرم پروفیسر میاں محمد افضل صاحب لاہور وفات پاگئے

مکرم رانا مبارک احمد صاحب صدر حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور لکھتے ہیں کہ احباب جماعت کو افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ ماہر تعلیم، محقق، مترجم اور خادم سلسلہ مکرم پروفیسر میاں محمد افضل صاحب لاہور چند دن بیمار رہنے کے بعد مورخہ 17/اپریل 2007ء کو گلبرگ لاہور میں وفات پا گئے۔ آپ کی عمر 83 سال تھی آپ کے والد کا نام مکرم ڈاکٹر محمد اشرف صاحب تھا اور آپ مکرم میاں محمد یوسف صاحب سابق نائب امیر جماعت احمدیہ لاہور اور سابق پرائیویٹ سیکرٹری کے داماد تھے۔ آپ حضرت میاں نظام دین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل میں سے تھے۔ اسی دن آپ کی نماز جنازہ مکرم چوہدری حمید نصراللہ خان صاحب امیر ضلع لاہور نے بیت النور ماڈل ٹاؤن لاہور میں پڑھائی۔ آپ موصی تھے اس لئے میت کو ربوہ لیجایا گیا وہاں نماز جنازہ مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ نے مورخہ 17/اپریل 2007ء کو بعد نماز مغرب بیت المبارک ربوہ میں پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد دعا محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے کروائی۔

مکرم پروفیسر محمد افضل صاحب وفات تک صدر حلقہ گلبرگ لاہور اور جماعت احمدیہ لاہور میں سیکرٹری تعلیم رہے اسی طرح مختلف جماعتی عہدوں پر خدمت سرانجام دیتے رہے۔ آپ فضل عمر فاؤنڈیشن ربوہ کے ڈائریکٹر بھی رہے۔ آپ نے کئی کتب بھی لکھی ہیں۔ آپ نے اپنے پیچھے ایک بیوہ اور تین بیٹے مکرم میاں کلیم انور صاحب لاہور مکرم ڈاکٹر میاں اظہر ندیم صاحب کینیڈا، مکرم میاں اطہر کمال صاحب کینیڈا چھوڑے ہیں۔ آپ سلسلہ کے فدائی، جانثار، خلافت سے لگاؤ رکھنے والے ہر رنگ میں خدمت کرنے والے اور مہمان نواز تھے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات کو بلند کرے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے آمین

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 432)

فکروبلا کی دنیا میں امن و سلامتی کا قصر شاہی

قرن اول کے ایک بزرگ ربیع بن انس حضرت ابوالعالیہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مکہ مکرمہ میں دس سال کا عرصہ خوف و خطرہ کی حالت میں گزارا، لوگوں کو اعلانیہ اور خفیہ طور پر اسلام کی دعوت دیتے رہے، پھر ہجرت مدینہ کا حکم ہوا تو مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی، مدینہ میں بھی خوف و خطرہ کا عالم رہتا، صبح بھی اسلحہ و ہتھیار میں گزرتی اور شام بھی ہتھیار میں گزرتی۔ ایسے میں ایک شخص نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کوئی دن امن وامان میں نہیں گزرتا کہ ہم اس میں اپنا اسلحہ اتار دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "تم ایسی حالت میں صرف تھوڑا عرصہ رہو گے پھر ہر آدمی بڑی جماعت میں خیمہ زن ہو کر اس طرح بیٹھے گا کہ کسی کے پاس ہتھیار نہیں ہوگا" پھر مذکورہ آیت (آیت استخلاف) نازل ہوئی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ پورا ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو جزیرہ عرب پر پوری طرح غلبہ عطا فرمایا، مسلمان غیر مسلح ہو کر چین کی زندگی بسر کرنے لگے، حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے ادوار خلافت میں سکون واطمینان سے رہنے لگے، اس کے بعد مختلف فتنوں میں مبتلا ہوئے اور خدا کی عطا کردہ نعمتوں کا کفران کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر دشمن کا رعب اور خوف مسلط کر دیا، جب انہوں نے خود کو تبدیل کیا تو اللہ تعالیٰ نے بھی حالات کو بدل دیا۔

(ترجمہ کتاب "اسباب النزول" صفحہ 345-346 از علامہ ابوالحسن واحدی متوفی 468ھ 1076ء ناشر بیت العلوم لاہور ستمبر 2005ء)

خلیفہ وقت چونکہ دین حق کا قافلہ سالار ہوتا ہے اس لئے اپنے دور میں وہ بندگان خدا کا سب سے بڑا محسن بن کر جلوہ گر ہوتا ہے غریبوں کی پناہ اور یتیموں کا باپ۔ اپنی دعاؤں اور پاک تاثیرات سے ان کی ظاہری و باطنی تربیت میں کوشاں رہتا ہے اور زندگی اپنے خون سے ان کے چمن زندگی کی آبیاری سے بھی دریغ نہیں کرتا اور سیدنا حضرت امیر المومنین عمرؓ، سیدنا حضرت امیر المومنین عثمانؓ اور سیدنا حضرت امیرالمومنین علی المرتضیٰؓ نے شہید ہو کر اس حقیقت پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔

شیر خدا سیدنا حضرت علی المرتضیٰ خلیفۃ الرسول الرابع نے اپنے منظوم کلام میں متعدد بار خلق خدا سے اپنی قلبی محبت کا نقشہ نہایت دلآویز الفاظ میں کھینچا ہے ایک پر کیف عربی نظم کے چند اشعار کا ترجمہ پیش کرتا ہوں۔

فرمایا۔ جب میں کسی مصیبت کے لئے بلایا جاتا ہوں تو اس کو زائل کر دیتا ہوں اور جب مجھے دھوکہ کی دعوت دی جاتی ہے تو میں ایسا نہیں کرتا اور جب کوئی فریادی بوقت مصیبت مجھ سے استغاثہ کرتا ہے تو چمکدار شہاب ثاقب کی طرح اس کے پاس پہنچ جاتا ہوں۔

میں اپنے ہمسایہ کو اپنے بال بچوں کی طرح عزیز رکھتا ہوں اس لئے کہ تمام مکانوں میں پڑوس کے لئے میرا مکان پسند کیا میں نے اس کی اور اس کے بال بچوں کی ذمہ داری ہمیشہ اپنی ذمہ داری سمجھی ہے اور ہمیشہ ان کی حفاظت کی ہے۔

(دیوان علی مترجم 146-147 ناشر نگارشات لاہور 1995ء)

شیر خدا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے شعری کلام میں اس اہم سوال کا جواب بھی پوری وضاحت کے ساتھ موجود ہے کہ خلافت راشدہ 30 سال ہی میں کیوں ختم ہوگئی فرماتے ہیں۔

جس کو رونا اور ماتم کرنا ہو وہ اسلام پر روئے کیونکہ اس کے ارکان اور معالم (سنگ میل) متروک ہو چکے ہیں۔ اسلام جا چکا صرف تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے اور جن لوگوں کے پاس موجود ہے وہ قلیل ہیں۔

(مترجم دیوان علی صفحہ 177-178-

اس ضمن میں اپنے ایک فرزند جلیل کو مخاطب کرتے ہوئے نصیحت فرمائی کہ ترکوں کے ہنگامہ کے دوران ایک حقانی شخص اٹھے گا اور وہ تمہارے پاس حق لے کر آئے گا اور حق پر عمل بھی کرے گا وہ پیغمبر خدا کا ہم نام ہوگا میری جان اس پر فدا ہو پس اے میرے لخت جگر اس کو بے یارومددگار نہ چھوڑنا اور جلد سے جلد اس کے دامن سے وابستہ ہو جانا۔

(دیوان علی مترجمہ صفحہ 152)

ڈومیسائل بنوالیں

وہ تمام احمدی طلباء وطالبات جو امسال F.sc کے امتحان کے بعد کسی حکومتی پیشہ ور ادارہ (میڈیسن۔ انجینئرنگ۔ جنرل اکیڈمی پروگرامز) میں داخلہ حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں ان کو داخلہ کے وقت ڈومیسائل کی ضرورت پڑے گی اس لئے بہتر ہے کہ ڈومیسائل ابھی سے بنوالیا جائے اور اس کی صاف کم از کم 12 عدد فوٹو کاپیاں کروا کر Attest کروا لی جائیں تا کہ بعد میں مشکلات نہ پیش آئیں۔

(نظارت تعلیم)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

درخواست دعا

مکرم مظفر احمد صاحب ڈوگر مربی سلسلہ ایم ٹی اے تحریر کرتے ہیں کہ میری بھاوجہ مکرمہ فرزانہ مسرت صاحبہ اہلیہ مکرم فضل عمر ڈوگر صاحب مقیم لندن بوجہ ہیپاٹائٹس سی بیمار ہیں۔ طبیعت قدرے بہتر ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ (آمین)

مکرم محمد طارق صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کا چھوٹا بیٹا سدید احمد عمر ایک سال خون کے مرض ہیموفیلیا میں مبتلا ہے۔ تکلیف بڑھ گئی ہے اور خاصی کمزوری ہو گئی ہے احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم معظم اقبال بھٹی صاحب علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی بڑی بیٹی حرا معظم عمر 6 سال کی انگلی گھر کے دروازے میں آجانے سے تھوڑا سا حصہ کٹ گیا ہے۔ شیخ زاید ہسپتال میں زیر علاج ہے۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم چوہدری شاہد محمود صاحب آڈیٹر حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی پہلے پی آئی سی میں انجیو گرافی ہوئی۔ اس کے بعد ایک ہفتہ کے اندر دوبارہ ڈاکٹرز ہسپتال میں دل کی پلاسٹک سرجری ہوئی ہے۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم عبدالاعلیٰ صاحب المعروف علی فروٹ مرچنٹ متصل محسن بازار ربوہ کی والدہ محترمہ عنایت بیگم صاحبہ بلڈ پریشر اور سانس کے عارضے کی وجہ سے بیمار ہیں فضل عمر ہسپتال میں زیر علاج ہیں کامل شفایابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم محمد حسین شاہد صاحب مربی سلسلہ احمدیہ تحریر کرتے ہیں میرے دوست مکرم عنایت اللہ صاحب صابری آف پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین کی نواسی عزیزہ غلام فاطمہ کو بلڈ کینسر ہو گیا ہے ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا ہوا ہے احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ شافی مطلق خدا محض اپنے فضل سے بچی کو شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

سانحہ ارتحال

مکرم فواد احمد راٹھر صاحب تحریر کرتے ہیں کہ ان کے والد محترم مکرم محمد اکبر صاحب راٹھر مورخہ 22 اپریل 2007ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ ان کی نماز مکرم طارق صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی اور تدفین عام قبرستان میں ہوئی محترم جاوید احمد صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ مرحوم حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت غلام محی الدین صاحب کے از 313 رفقاء کے پوتے تھے۔ مرحوم نے زندگی کا زیادتر عرصہ بحیثیت ڈپٹی ناظم جنگلات آزاد کشمیر میں گزارا۔ اس کے علاوہ آزاد کشمیر کی پہلی ایگریکلچر یونیورسٹی ضلع راولاکوٹ میں باٹنی کے شعبہ کے لیکچرار مقرر تھے۔ آزاد کشمیر کے مختلف صدران، وزیراعظم اور وزراء کے ساتھ ان کا قریبی تعلق تھا۔ سویلین گورنمنٹ کے علاوہ آرمی کے اعلیٰ عہدیداران کے ساتھ بھی رابطہ تھا۔ آزاد کشمیر کی سب سے بڑی مل ``Logging and saw mill`` کے بانیوں میں اور منگلا ڈیم کی تزئین میں ان کا کلیدی کردار رہا۔ انہوں نے کروڑوں کے منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ آزاد کشمیر کے ضلع بھمبر میں جنگلات کی زمین میں لڑکیوں کے ڈگری کالج کی منظوری اور کالج کا قیام ان کی کوشش سے عمل میں آیا۔ گلشن احمد نرسری ربوہ میں بھی خدمات سرانجام دیں وہ بہت ملنسار طبیعت کے مالک تھے۔ دعوت الی اللہ کا بے حد شوق تھا۔ انہوں نے اپنے پیچھے چار بیٹیاں اور تین بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ والد صاحب کے درجات بلند کرے۔ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

تصحیح

(مکرم سید عبدالشکور صاحب بابت ترکہ مکرمہ سیدہ رقیہ بیگم صاحبہ)

مذکورہ بالا عنوان کے معاملہ میں مورخہ 20 اپریل 2007ء کے الفضل میں ترکہ مکرمہ سیدہ رقیہ بیگم صاحبہ قطعہ نمبر 5/18 محلّہ دارالرحمت کا اعلان شائع ہوا جس میں سہواً ورثاء کی فہرست میں مرحومہ کی بیٹی محترمہ سیدہ روبینہ رضوی صاحبہ کا نام شامل ہونے سے رہ گیا تھا۔ براہ مہربانی ان کا نام شامل کر کے کل ورثاء 5 شمار کئے جائیں۔ ادارہ اس غلطی پر معذرت خواہ ہے۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

احباب محتاط رہیں

نور ولد قیصر مسیح۔ فاطمہ بی بی زوجہ نور محمد ریاض۔ سجاد احمد۔ محمد کمال محمد جمال مریم بی بی پسران نور ساکن حافظ والا میانوالی اور محمود الحسن ولد کریم خان۔ سکینہ بی بی زوجہ محمود الحسن، ضیغم محمود، شاداب زہرہ پسران محمود الحسن ساکنان چک 19.B/ML میانوالی ان سب کا اب جماعت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ مختلف حیلوں سے رقوم بٹورتے ہیں۔ احباب جماعت ان سے محتاط رہیں۔

(نظارت امور عامہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم عبدالوہاب شاہد صاحب

بستان احمد کی سیر

حضرت مسیح موعود کے محبت الٰہی کے بارے میں پاکیزہ کلمات

حضرت مسیح موعود کے محبت الٰہی کے بارہ میں پاکیزہ کلمات و ارشادات اور اقوال زریں قارئین الفضل کے ازدیاد ایمان وحب اللہ کے لئے حضور کی کتب اور ملفوظات سے پیش ہیں۔

روحانی خزائن جلد نمبر 1

محبت کاملہ .... خدا .... کا فضل ہے۔

محبت .... شرط ہے .... بعد محبت نبی اللہ .... انسان .... نوروں میں سے بقدر استعداد .... حصہ پالیتا ہے۔

محبت الٰہیہ .... جان کی جان ہوجاتی اور محبوب حقیقی سے .... پیار .... دلوں میں جوش مارتا ہے۔

محبت .... سے اخلاق فاضلہ .... صادر ہوتے ہیں۔

محبت کو .... پوشیدہ رکھنا .... غیر ممکن .... ہے۔

محبت کو .... ہزار چھپائیں کوئی نہ کوئی نشان اس کا ظاہر ہوجاتا ہے۔

محبت میں لذات .... ہیں۔

محبت .... فطرت میں ڈالی گئی ہے۔

خدا کی مرضی .... بندہ کی مرضی بتائی گئی ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 2

محبت میں .... خوارق نہایت صاف اور شفاف اور روشن و تاباں ظہور میں آتے ہیں۔

محبت الٰہی سے .... تمام اقوال و افعال و اعمال و حرکات و سکنات و عبادت .... سب خارق عادت ہی ہوجاتے ہیں۔

محبت الٰہی کی موجیں عاشق صادق کے دل سے اٹھتی ہیں۔

محبت کی یہی نشانی .... ہے کہ دونوں طرف سے آثار خلوص و اتحاد و یگانگت کے ظاہر ہوں۔

محبت .... اور عشق .... ایسے مقام پر انسان کو پہنچا دیتی ہے کہ .... آگ اس پر کچھ اثر نہیں کر سکتی محبت الٰہی .... طاقت عظمیٰ .... ہے۔

محبت بجز معرفت حاصل نہیں ہوسکتی۔

محبت کے دو ہی امر ہیں یا حسن یا احسان۔

محبت سے لذت ملتی ہے۔

محبت عالم آخرت میں سرور دائمی کا موجب ہو جاتی ہے۔

محبت .... معرفت سے پیدا ہوتی ہے۔

محبت ذاتیہ پیدا ہو .... تو وہی دن نئی پیدائش کا پہلا دن ہوتا ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 3

محبت تین قسم .... ہیں۔ آتش محبت الٰہی لوح قلب انسان کو گرم تو کرے .... لیکن .... چمک پیدا نہ ہو۔

آتش محبت الٰہی لوح قلب انسان کو اس قدر گرم کرتی ہے کہ .... چمک پیدا ہوجاتی ہے۔

آتش محبت الٰہی لوح قلب انسان کو نہ صرف ایک چمک بخشتی ہے بلکہ .... تمام صفات کاملہ کے ساتھ وہ سارا وجود آگ ہی آگ ہوجاتا ہے۔

روحانی خزائن جلد 5

محبت تو دوائے ہزار بیماری است

محبت الٰہی بندہ کی محبت پر نازل ہوتی ہے تب .... روح القدس کا روشن اور کامل سایہ انسان کے دل میں پیدا ہوجاتا ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 9

محبت .... ایک قوت ہے اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ دل کا ایک چیز .... کی طرف کھینچے جانا۔

محبت کی حقیقت .... چاہتی ہے کہ انسان .... اپنے محبوب .... میں فنا .... ہو کر وہ زندگی پاوے جو محبوب کو حاصل ہے۔

محبت کرنے والا اپنے محبوب میں فنا ہوجاتا ہے۔

محبت .... اصل معنے اس کے پُر ہوجانا ہے۔

محبت .... کی حقیقت محبوب کے رنگ سے رنگین ہوجانا ہے۔

محبت ذاتی .... میں تمام اغراض نفسانی جل جاتے ہیں۔

روحانی خزائن جلد 10

محبت اور رضا میں محو ہوجائے اور سب وجود اس کا خدا کے لئے ہوجائے۔

محبت .... اس درجہ تک .... کہ اس کا مرنا اور جینا .... خدا ہی کے لئے ہوجائے۔

محبتوں کے ملنے سے نور پیدا ہوتا ہے تو اس نور کی پیدائش کے دن سے ایک زمینی شخص آسمانی ہوجاتا ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 12

محبت .... گناہوں کے ظہور کو .... خدا تعالیٰ کے تعلق کے ساتھ روکنا۔

محبت کا اسیر ہوجائے .... گناہ کی خشکی اور زوال سے بچ جائے۔

محبت .... خدا تعالیٰ کے آگے اپنا سر رکھ دینا .... ہے۔

محبت دکھلاؤ اور سب سے زیادہ خدا سے محبت کرو۔

محبت کا انتہاء عبادت ہے۔

محبت کا لفظ حقیقی طور خدا سے خاص ہے۔

محبت پرستش .... اور .... رحم ہمدردی کو چاہتا ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 13 تا 18

محبت اور وفا کے ساتھ جھکنے والے ہرگز ضائع نہیں کئے جاتے۔

محبت اور محبت سے ہر ایک گناہ اور غیر اللہ سے انقطاع حاصل ہو جو حقیقی نجات کا ثمرہ ہے۔

محبت جس سے قیامت کے دن نجات ہوگی۔ .... انسان .... خدا تعالیٰ کی طرف سچا رجوع کرے۔

محبت اسی سے وابستہ ہے کہ تم کامل طور پر پیرو ہوجاؤ۔

محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو تا خدا بھی تم سے محبت کرے۔

محبت کلام اللہ کی جنت میں لے جاتی ہے۔

محبت گناہ اور مخالفت سے روکتی ہے۔

محبت میں بھی ایک خوف ہوتا ہے کہ .... تعلق نہ ٹوٹ جائے۔

محبت کنندہ .... بلاشبہ گناہ سے روک لیا جاتا ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 19

محبت .... سے .... خارق عادت قدرتیں ظاہر ہوتی ہیں۔

محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع سے وابستہ ہے۔

محبت الٰہی .... دلوں میں خیمے لگالیتی ہے پھر کسی قسم کا گناہ باقی نہیں رہتا۔

محبت بغیر مشاہدہ حسن یا احسان پیدا نہیں ہوسکتی۔

محبت گناہ کو ایسا جلاتی ہے جیسا کہ آگ میل کو۔

محبت کرنا اور .... دعا کرنا .... کو دوسرے لفظوں میں شفاعت کہتے ہیں۔

محبت میں محو .... ہے .... تو زمین و آسمان کی تمام چیزیں .... اس کے چاکر اور خدمت گزار ہوجاتے ہیں۔

روحانی خزائن جلد نمبر 20

محبت میں اس مقام تک پہنچنا ہے جو غیر کی محبت کو جلا دیتا ہے۔

محبت اور عشق .... خدا تعالیٰ .... میں محو ہوجانا انسان کے لئے ایک عظیم الشان مقصود ہے۔

محبت .... گناہ .... ٹھنڈی ہونے کا .... نام .... شربت کافوری ہے اور خدا کی محبت دل میں بھرنے کا .... نام .... شربت زنجبیلی ہے۔

محبت .... بہشت ہے .... اور خدا سے .... محبت نہ رکھنا در حقیقت یہی جہنم ہے۔

محبت نہیں تو .... نجات .... نہیں۔

محبت سے نور نجات پیدا ہوتا ہے۔

محبت .... انسان .... خدا تعالیٰ کی محبت کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔

محبت ذاتی انسان کی محبت ذاتی میں ایک خارق عادت جوش بخشتی ہے۔

محبتوں کے ملنے سے ایک فنا کی صورت پیدا ہو کر بقا باللہ کا نور پیدا ہوتا ہے۔

محبتوں کا باہم ملنا .... اور .... عشق الٰہی .... ہمیشہ کی زندگی حاصل ہوتی ہے۔

محبت کے ساتھ خدا تعالیٰ میں فنا .... ظلی طور پر .... حیات جاویدانی .... ہے۔

محبت میں محو ہو کر واصلوں کی روحیں حقیقی زندگی پاتی ہیں۔

محبت اور رحم .... ام الصفات ہیں۔

محبت میں تمام نجات اور اس کے چھوڑنے میں میں تمام عذاب ہے۔

محبت محبت کو جذب کرتی اور اپنی طرف کھینچتی ہے۔

محبت عجیب چیز ہے اس کی آگ گناہوں .... کو جلاتی اور معصیت .... کو بھسم کر دیتی ہے

محبت کے ساتھ عذاب جمع ہو ہی نہیں سکتا۔

محبت کے علامات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ .... اپنے محبوب سے قطع تعلق کا اس کو نہایت خوف ہوتا ہے۔

محبت کا تقاضا کہ ایک محبّ صادق کو ہمیشہ یہ فکر لگی رہتی ہے کہ اس کا محبوب اس پر ناراض نہ ہوجائے۔

محبت کے علامات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ .... اپنے محبوب کے وصال .... کے لئے نہایت بے تاب رہتا ہے۔

محبت .... طبعاً یہ تقاضا کرتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ خدا کی رضا حاصل ہو۔

محبت جو خدا تعالیٰ .... کرتا ہے .... سفلی زندگی کے گندوں سے باہر لے آتی ہے۔

محبت .... خدا تعالیٰ کی محبت کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 21

محبت اور کامل خوف یہی دونوں چیزیں ہیں جو گناہوں سے روکتی ہیں۔

محبت اور خوف کی آگ جب بھڑکتی ہے تو گناہ ....کو جلا کر بھسم کر دیتی ہے۔

محبت الٰہی .... ایسی قوت قویہ ہے کہ وہ ....آگ کو بجھا سکتی ہے۔

محبت مے کشد با جذب روحانی محبت را

محبت بقدر معرفت ہوتی ہے۔

محبت کی یہی علامت ہے کہ محبّ میں ظلی طور الٰہی صفات پیدا ہو جائیں۔

محبت کاملہ کی مثال بعینہ لوہے کی ہے.........جبکہ وہ آگ میں ڈالا جائے.........خود آگ بن جائے۔

محبت الٰہیہ کی حقیقت یہی ہے کہ انسان اس رنگ سے رنگین ہو جائے۔

محبت .... سے انسان کی روح کو خدا تعالیٰ سے ایک تعلق ازلی ہے۔

محبت ذاتیہ کا افروختہ شعلہ......... حیات ثانی بخش دیتا ہے۔

محبت ذاتیہ......... کی ایک دلکش لذت .... سے یاد الٰہی جان......... بلکہ جان سے بڑھ کر.........عزیز ہو گئی۔

محبت ایک نئی روح ہے جو.........نماز اور یاد الٰہی کو ایک غذا کی طرح......... بنا دیتی ہے۔

محبت سے بھری ہوئی یاد الٰہی جس کا نام نماز ہے.........درحقیقت غذا......... ہے جس کے بغیر ....جی ہی نہیں سکتے۔

محبت ذاتی اور عشق......... سے بھری ہوئی یاد الٰہی.........شرعی اصطلاح میں نماز نام ہے۔

محبت.........مومن کی روحانی قوتوں کو ترقی دیتی ہے۔

محبت حضرت عزۃ سے.........مبشر خوابوں سے بہت سا حصہ.........ملتا ہے۔

محبت روٹی اور پانی کا کام دیتی ہے۔

محبت ذاتیہ الٰہیہ کا ....شعلہ.........تمام تاریکیوں اور آلائشوں اور کمزوریوں کو دور کر دیتا ہے۔

محبت ذاتیہ.........عبودیت کے پودا کی آبپاشی کرتی ہے۔

محبت ذاتیہ.........تجلی فرما کر......... حیات ثانی.........بخشتی ہے۔

محبت ذاتیہ......... سے مراد یکطرفہ محبت نہیں بلکہ خالق و مخلوق کی دونوں محبتیں ہیں۔

محبت ذاتیہ سے.........حسن کمال کو پہنچ جاتا ہے۔

محبت ذاتی .... جو خدا کے ساتھ .... ہے.........کی وجہ سے خدا کی مخلوق کی محبت .... جوش زن......... ہے۔

محبت ذاتیہ الٰہیہ......... انسان کی محبت ذاتیہ پر ایک شعلہ کی طرح پڑتی .... اور روحانی زندگی بخشتی ہے۔

محبت ذاتیہ سے اپنے تئیں خدا تعالیٰ کی محبت ذاتیہ کا مستحق ٹھہر لیتا ہے۔

محبت ذاتیہ الٰہیہ کا شعلہ انسان کے دل پر ....دائمی حضور کی حالت ....بخش دیتا ہے۔

محبت الٰہیہ کی تجلی ....میں ایک عالمگیر کشش پائی جاتی ہے۔

محبت ذاتیہ الٰہیہ .... اور روح القدس کا ....باہم تلازم ہے۔

محبت میں صادق.........کو.........دشمن ....ہلاک کرنا چاہتے ہیں لیکن خدا ان کے تمام مکروں اور منصوبوں کو پاش پاش کر دیتا ہے۔

محبت نفرت کو ٹھنڈا کر کے رفع کر دیتی ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 22

محبت الٰہی کی آگ میں.........نفسانی قالب ....جل کر بالکل خاک ہو جاتا ہے۔

محبت......... اور کرشمہ خدائی......... کے اخلاق.........وہی......... مشاہدہ کرتا ہے جو......... ....اس کی محبت میں محو ہو جاتا ہے۔

محبت میں کھوئے گئے ....یار یگانہ کی پرستش کرتے ہیں اور اس کی رضا کو.........چاہتے ہیں۔

محبت دل میں بیٹھ جائے......... اور......... سخت احکام کو بھی محبت کے جوش سے بجالائے۔

محبت اس درجہ پر اپنی طرف کہ اس کا اپنا وجود درمیان سے اٹھ جائے۔

محبت کا تعلق ....اور خدا کی عظمت دل میں ایسی ہو کہ تمام دنیا.........مردہ متصور ہو۔

محبت......... سے دنیا کی تمام تلخیوں کو اختیار کرنا ....عبادت ہے جس......... کے لئے انسان مامور ہے۔

محبت سے......... خالی رہنا.........محال ہے ....ایسے دل کو جو غیر کی محبت سے خالی ہو......... خدا تعالیٰ.........اپنی محبت سے پر کر دیتا ہے۔

روحانی خزائن جلد نمبر 23

محبت سے مراد وہ حالت ہے کہ بکلی دل اسی کی طرف کھینچا جائے۔

محبت کے عالم میں انسانی روح ہر وقت اپنے محبوب کے گرد گھومتی ہے۔

محبت اور عشق......... سچی معرفت کی کنجی ہے۔

محبت نجات کی جڑ ہے اور......... بہشت ہے جس میں داخل ہونے کے بعد تمام کوفت اور تلخی اور رنج وعذاب دور ہو جاتا ہے۔

محبت ہماری عین نجات ہے۔

محبت......... تعلیم دیتی ہے کہ خدا کی محبت تیرے ساتھ ہے.........سکینت اور شانتی .... دل پر نازل کرتی ہے۔

محبت اور صدق کو انتہاء تک پہنچا دیتا ہے وہ ظلی طور پر خدا تعالیٰ کی صفات کا مظہر ہو جاتا ہے۔

ملفوظات حضرت مسیح موعود

محبت......... خدا تعالیٰ......... سے انسان جذبات نفس سے پاک ہو جاتا ہے۔

محبت.........انسان کی سفلی زندگی کو جلا کر اسے ایک نیا اور مصفّٰی وجود بنا دیتی ہے۔

محبت اور عشق الٰہی کی آگ .... امانی اور نفسانی خیالات کو جلا دیتی ہے اور اس کے اندر روح ناطق بھر جاتی ہے محبت بدوں معرفت کے ترقی پذیر نہیں ہو سکتی۔

محبت ترقی اور قدر و قیمت میں زیادتی کی وجہ معرفت ہی ہے۔

محبت نہیں ہے تو عبادت بھی بے سود ہے۔

محبت کرنے والوں کو ایسی استقامت عطا ہوتی ہے کہ وہ ہزار ایذائیں دیئے جائیں جنبش نہیں کھاتے۔

محبت الٰہی ....تکبر کو توڑنا کہ جس طرح کھڑا ہوا پہاڑ.........زمین سے ہموار ہو جائے۔

محبت.........فطرت کا طبعی خاصہ اور جزو ہو کر ہو۔

محبت ....بہشت کی حقیقی راہ......... ہے۔

محبت کی رو سے.........وحدہ لاشریک یقین کیا جائے ....توحید بدوں محبت .... ناقص اور ادھوری ہے۔

محبت کی حالت کے اظہار کے لئے حج رکھا ہے۔

محبت کے لباس میں.........حج......... ہے۔

محبت میں.........ایک استقامت پیدا ہو جاتی ہے۔

محبت دل میں پیدا ہونے.........اور......... عجائب قدرت میں غور......... سے محبت الٰہی اور ایمان بڑھتا ہے۔

محبت دل میں پیدا ہو جائے تو وہ گناہ کو خود جلا کر بھسم کر دیتی ہے۔

محبت ذاتی سے رنگین ہو کر.........عبادت کرنی چاہئے نہ کہ کسی جزا سزا کے سہارے پر۔

محبت میں ایسے محو ہو جاؤ کہ تمہارا وجود ہی درمیان سے گم ہو جائے۔

محبت کے جام بھر بھر کر پیو.........کبھی سیر نہ ہونے والے بنو۔

محبت ہو کہ خدا کی محبت کے مقابل پر کسی چیز کی پرواہ نہ ہو۔

محبت ایک چیز ہے.........جس کا نام عشق ہے۔

محبت کا یہ حال ہے کہ ایک معشوق اپنے عاشق کا عاشق بن جاتا ہے۔

محبت......... وہ......... پیدا کرو۔ جو ایک عاشق صادق کے اندر ہوتی ہے۔

محبت پیدا کر لو جیسے ایک ماں کو اپنے بچہ سے ہوتی ہے۔

محبت......... سے ہی انسان دارالامان میں پہنچ سکتا ہے۔

محبت کی وجہ سے......... خدا کے معشوق اور محبوب بن گئے۔

محبت ذاتی میں ترقی کرو......... محبت نہیں ....کچھ بھی نہیں۔

محبت......... اور.........عشق چھپائے سے چھپ نہیں سکتا۔

محبت ذاتی پیدا نہ ہو تو ایمان بڑے خطرے کی حالت میں ہے۔

محبت ہو.........تو انسان شیطان کے حملوں سے امن میں آجاتا ہے۔

محبت کو دعا سے حاصل کرنا چاہئے۔

محبت پیدا نہ ہو انسان نفس امارہ کے نیچے رہتا ہے۔

محبت یہی ہے کہ ابتلاء......... سے اپنے بندے کی عظمت کو ظاہر کرتا ہے۔

محبت ذاتی......... ہے تو پھر یہ عشقیہ حالت پیدا ہو کر غیر کے وجود کو جلا دیتی ہے۔

محبت الٰہی......... میں .... جو خدا تعالیٰ کے لئے ذلیل ہو وہی انجام کار عزت و جلال کا تخت نشین ہوگا۔

محبت اور جاں فدا کرنے والا......ہمت نہیں ہارتا۔

محبت الٰہی میں پورا استغراق ہو عشق کمال ہو۔

محبت کے لئے جو اخلاص اور درد ہوتا ہے .... وہ انسان کو.........الوہیت کے سایہ میں لا ڈالتا ہے۔

محبت اور اخلاص......... اور ایک حقیقی محویت .... سے انسان گویا سلطان.........اور ذرہ ذرہ اس کا خادم بن جاتا ہے۔

محبت اور عشق ایک راز ہے جو خدا اور اس کے بندے کے درمیان ہوتا ہے۔

محبت.........ظن کی نسبت سے ہوتی ہے۔

عاشق.........کو......... خدا تعالیٰ محبت و وفا کا چہرہ دکھاتا ہے۔

محبت الٰہی کی......... لذت.........جسمانی لذت سے ہزاروں درجہ زیادہ......... ہے۔

محبت کی لذت ساری لذتوں سے بڑھ کر ترازو میں ثابت ہوتی ہے۔

محبت صافی تب ہو سکتی ہے جب اس کی ہستی کا پتہ لگے......... دعا کرتے رہیں تا.........معرفت زیادہ ہو۔

محبت اور اس کی عظمت اور جبروت کا رعب اور خوف.........سے گناہ جل جاتے ہیں۔

اس جماعت نے اخلاص اور محبت میں بڑی نمایاں ترقی کی ہے بعض اوقات جماعت کا اخلاص، محبت اور جوش ایمان دیکھ کر دشمن بھی تعجب میں ہیں۔

☆☆☆

مکرم ناصر شبیر صاحب

امریکہ کے بعض اہم ادارے

ریاست ہائے متحدہ کا دستور امریکی حکومت کی مرکزی دستاویز ہے اور ملک کا اعلیٰ ترین قانون ہے امریکی دستور آج دنیا میں نافذ دساتیر میں سے قدیم ترین تحریری دستور ہے لیکن امریکی حکومت کے استحکام کی مکمل وجہ صرف ادارے یا قانون ساز پالیسیاں ہی نہیں ہیں بلکہ ان تمام کے ساتھ کچھ اہم اور ضروری ایجنسیاں اور ادارے بھی ہیں جو ملکی و ملی استحکام میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔

ایگزیکٹو محکمے وفاقی حکومت چلانے کے بڑے ادارے ہیں لیکن بہت سی دوسری ایجنسیاں ہیں جو حکومت اور معیشت کو بطریق احسن چلانے کیلئے اہم ذمہ داریاں پوری کرتی ہیں ان کو خودمختار ایجنسیاں کہا جاتا ہے کیونکہ یہ کسی ایگزیکٹو محکمے کا حصہ نہیں ہوتی ان ایجنسیوں کی نوعیت اور مقاصد میں بڑا تنوع ہے۔ کچھ تو انضباطی (Regulatory) گروپ ہیں جن کو معیشت کے بعض شعبوں کی نگرانی کا اختیار حاصل ہے جبکہ دوسروں کا تعلق حکومت کیلئے یا عوام کیلئے خصوصی خدمات انجام دینے سے ہے زیادہ تر ایجنسیاں کانگرس کی تخلیق کردہ ہیں اور ان امور کو انجام دینے کیلئے قائم کی گئی ہیں جو اتنے وسیع اور پیچیدہ ہوگئے تھے کہ عام قوانین کی حدود میں انہیں انجام نہیں دیا جاسکتا تھا۔ اہم خودمختار ایجنسیوں میں چند درج ذیل ایجنسیاں شامل ہیں۔

1۔ ایکشن (Action)

بنیادی انسانی ضروریات پوری کرنے کیلئے اندرون ملک رضاکارانہ خدمات یا والنٹیئر سروس کے پروگرام چلانے والا سب سے بڑا ادارہ ہے جو غریب افراد اور طبقات کی اپنی مدد آپ کی سرگرمیوں میں امداد دیتا ہے۔ ''ایکشن'' کے چند پروگرام یہ ہیں: **فوسٹر گرینڈ پیرنٹس:** جس کے ذریعہ عمر رسیدہ امریکیوں کو مواقع فراہم کئے جاتے ہیں کہ وہ ضرورت مند بچوں سے قریبی رشتہ داروں کا سا تعلق قائم کرسکیں۔ **والنٹیئر ان سروس ٹو امریکہ** (VISTA) یہ سروس غریب طبقات میں کام کرنے کیلئے رضاکار فراہم کرتی ہے اور **سٹوڈنٹ کمیونٹی سروس پروجیکٹ** جو طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ اپنی اپنی کمیونٹی میں رضاکارانہ خدمات بطور اپنی تعلیمی سرگرمی کے انجام دیں۔

2۔ سنٹرل انٹیلی جنس ایجنسی (CIA)

یہ ایجنسی بعض سرکاری محکموں اور ایجنسیوں کی انٹیلی جنس کی سرگرمیوں میں رابطے کا کام کرتی ہے اس کی ذمہ داریاں یہ ہیں: قومی سلامتی سے متعلق ملنے والی انٹیلی جنس اطلاعات کو جمع کرنا، ان کو مربوط بنانا اور ان کے جائزے تیار کرنا۔ یہ ایجنسی نیشنل سیکیورٹی کونسل کیلئے سفارشات بھی تیار کرتی ہے۔

3۔ ماحول کے تحفظ کی ایجنسی (EPA)

1970ء میں قائم شدہ یہ ایجنسی پورے ریاست ہائے متحدہ میں ہوا اور پانی کی آلودگی کو کنٹرول کرنے اور اسے ختم کرنے اور ٹھوس فضلے، کیڑے مار دواؤں، تابکاری اور زہریلے مادوں سے متعلق مسائل سے نمٹنے میں ریاستی اور مقامی حکومتوں کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے EPA ہوا اور پانی کے صاف ہونے کے بارے میں معیار مقرر کرتی ہے اور ان کی پابندی کرواتی ہے، کیڑے مار دواؤں اور کیمیاوی مادوں کے اثرات کا جائزہ تیار کرتی ہے اور ''سپر فنڈ'' نامی ایک پروگرام چلاتی ہے جو ان مقامات کی صفائی کیلئے ہے جہاں زہریلا فضلہ پایا جاتا ہے۔

4۔ فیڈرل کمیونیکیشن کمیشن

یہ کمیشن ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے لائسنس جاری کرتا ہے اور بین الریاستی ٹیلیفون اور ٹیلی گراف سروسز کو ریگولیٹ کرتا ہے یہ کمیشن بین الریاستی کمیونیکیشن سروسز کے نرخ مقرر کرتا ہے، ریڈیو فریکوئنسی کی منظوری دیتا ہے اور کمیونیکیشن کے بین الاقوامی معاہدوں پر عملدرآمد کا ذمہ دار ہے۔

5۔ فیڈرل ریزرو سسٹم

یہ ادارہ امریکہ میں نجی شعبے کے بینکوں کی نگرانی کرتا ہے اور قرضوں کی مقدار اور گردش زر کی حدود متعین اور نافذ کرتا ہے۔ فیڈرل ریزرو کے کئی فرائض وہی ہیں جو دوسروں ملکوں میں مرکزی بینک انجام دیتے ہیں۔ مثال کے طور کرنسی نوٹوں کا اجراء لیکن مرکزی بینکوں کے برعکس فیڈرل ریزرو ایک ایسی ڈیپازٹری کے طور پر کام نہیں کرتا جہاں ملک کے سونے کے محفوظ ذخائر رکھے جاتے ہوں۔

6۔ فیڈرل ٹریڈ کمیشن

یہ ادارہ تحقیقات کے ذریعہ اور شکایات کی سماعت کے ذریعے تجارت کے غلط استعمال اور نامنصفانہ کاروباری طریقوں کی روک تھام کرتا ہے۔

7۔ جنرل اکاؤنٹنگ آفس

یہ ادارہ مقننہ کے ایسے آلہ کار کے طور پر حکومت کے دوسرے ستون یعنی انتظامیہ کے اخراجات پر نظر رکھنے کا کام کرتا ہے۔ یہ ادارہ انتظامی محکموں سے آزاد رہتے ہوئے وہ تمام دعوے اور مطالبات نمٹاتا ہے جو وفاقی حکومت کی طرف سے ہوں یا اس پر واجب ہوں اور وہ تمام حسابات دیکھتا ہے جن سے حکومت کا تعلق ہو یہ ادارہ رقوم ادا کرنے اور جمع کرنے والے تمام وفاقی اداروں کے کے لیجر اکاؤنٹ بھی چیک کرتا ہے اور یہ بھی دیکھتا ہے کہ سرکاری رقوم قانون کے مطابق ادا کی گئی ہیں یا نہیں۔

8۔ جنرل سروسز ایڈمنسٹریشن

یہ ادارہ وفاقی حکومت کی بیشتر املاک کو کنٹرول کرتا ہے اور وفاقی املاک، عمارتوں اور آلات وسامان کی دیکھ بھال، خرید سپلائی اور آپریٹنز کا ذمہ دار ہے اور فاضل چیزوں کی فروخت بھی اسی کے ذمہ ہے۔

9۔ انٹرسٹیٹ کامرس کمیشن

یہ کمیشن ریل، بس، ٹرک اور اندرونی دریائی راستوں پر چلنے والے جہازوں کے ذریعہ ریاستوں کے درمیان تجارتی مال برداری کی نگرانی کرتا ہے اور ان کے کرائے مقرر کرتا ہے کمیشن مال برداری کے عام ذرائع کی طرف سے اسٹاکس اور بانڈز کے اجراء کی بھی نگرانی کرتا ہے اور سیفٹی قوانین پر عمل درآمد کرواتا ہے۔

10۔ نیشنل ایرو ناٹکس اینڈ سپیس ایڈمنسٹریشن (NASA)

یہ ادارہ 1958ء میں امریکہ کا خلائی پروگرام چلانے کیلئے قائم کیا گیا تھا۔ اس ادارے نے پہلے امریکی خلائی سیارے اور خلاباز مدار میں پہنچائے اور اپالو خلائی جہاز لانچ کئے۔ اسی اپالو خلائی جہاز کے ذریعہ 1969ء میں پہلی بار انسان چاند پر اترا۔ ناسا کے تحت زمینی مدار میں گردش کرنے والے مصنوعی سیاروں میں تحقیق کا کام ہو رہا ہے اور سیاروں کے درمیان خلا کے اسرار معلوم کئے جارہے ہیں، ایروسپیس ٹیکنالوجی میں نئے تصورات کو آزمایا جارہا ہے۔

11۔ نیشنل فاؤنڈیشن ان آرٹس اینڈ ہیومینیٹیز

یہ فاؤنڈیشن افراد، گروپوں، اداروں اور ریاستی ایجنسیوں کو گرانٹ فراہم کرکے امریکی آرٹ، ادب اور علمی مشاغل کے فروغ کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

12۔ نیشنل لیبر ریلیشنز بورڈ

یہ مزدوروں سے متعلق امریکہ کے سب سے بڑے قانون لیبر ریلیشنز ایکٹ کے نفاذ اور نگرانی کا فریضہ بورڈ انجام دیتا ہے بورڈ کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ مزدوروں کے معاملات میں ناانصافی کو روکے یا اس کا ازالہ اور کارکنوں کے اس حق کا تحفظ کرے کہ وہ خود کو منظم کریں اور انتخابات کے ذریعہ اپنے حقوق پر سودے بازی کیلئے یونین کو اپنا نمائندہ مقرر کریں۔

13۔ نیشنل سائنس فاؤنڈیشن

یہ فاؤنڈیشن امریکہ میں سائنس کی تعلیم اور بنیادی تحقیق کے استحکام کیلئے قائم کی گئی تھی۔ فاؤنڈیشن یونیورسٹیوں اور دوسرے اداروں کے تحقیقی اور تعلیمی پروگراموں کیلئے گرانٹ دیتی ہے اور وفاقی حکومت کی سائنسی معلومات کی سرگرمیوں میں رابطہ کا کام کرتی ہے۔

14۔ آفس آف نیشنل ڈرگ کنٹرول پالیسی

یہ دفتر 1988ء میں قائم کیا گیا تھا اس کے قیام سے غیر قانونی منشیات کے خلاف امریکی حکومت کی جنگ بھرپور طور پر اجاگر ہوئی ہے یہ دفتر امریکہ کی ڈرگ انفورسمینٹ ایڈمنسٹریشن، کسٹم سروس اور پوسٹ گارڈ جیسی ایجنسیوں میں رابطہ کا کام بھی کرتا ہے۔

15۔ پرسانل مینجمنٹ آفس

1979ء میں قیام کے ساتھ ہی اس دفتر نے سول سروس کمیشن کے فرائض سنبھال لئے۔ سول سروس کمیشن 1883ء میں قائم کیا گیا تھا تاکہ سرکاری ملازمت کیلئے میرٹ کا نظام قائم کیا جائے اور سرکاری عہدوں پر تقرری میں سیاسی عمل دخل ختم کیا جائے۔ یہ ایجنسی 30 لاکھ سے زیادہ سرکاری آسامیوں کیلئے موزوں قابلیت کے افراد منتخب کرنے کی غرض سے پورے ملک میں مقابلہ کے امتحانات منعقد کرتی ہے۔ یہ ایجنسی سرکاری ملازمین کی اہلیت میں اضافہ کیلئے تربیتی پروگراموں کا بھی انتظام کرتی ہے

16۔ پیس کور

1961ء میں قائم ہونے والا یہ ادارہ بیرونی ممالک میں دو سال تک خدمات انجام دینے کیلئے رضاکاروں کو تربیت دیتا ہے۔ پیس کور کے رضاکار جو بہت سے ممالک میں کام کر رہے ہیں زراعت اور دیہی ترقی، چھوٹے کاروبار، صحت، قدرتی وسائل کے تحفظ اور تعلیم کے شعبوں میں امدادی کام کرتے ہیں۔

17۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن

یہ کمیشن سٹاکس اور بانڈز خریدنے والے سرمایہ

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم چوہدری منیر احمد صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود۔ سکنہ بھوئیاں ضلع گجرات

حضرت چوہدری فتح دین صاحب

حضرت چوہدری فتح دین ولد چوہدری محمد بخش صاحب قوم جٹ سکنہ بھوئیاں تحصیل وضلع گجرات کے رہنے والے تھے بھوئیاں گاؤں ایک چھوٹا سا پسماندہ علاقہ ہے۔ جلال پور جٹاں سے شمالی جانب جو سڑک کڑیاں والا کو جاتی ہے اس پر برساتی نالہ جو لوکل زبان میں دواڑہ کہلاتا ہے کے پار واقع ہے جلال پور جٹاں سے تقریباً 4 کلومیٹر کا فاصلہ ہے۔ حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں وہاں کی آبادی تقریباً پانچ صد نفوس پر مشتمل ہوگی۔ نزدیکی قصبہ کڑیاں والا ہے وہاں بھی رفیق موجود تھے حضرت چوہدری فتح دین صاحب کے حالات زندگی کچھ تو ان کے کتبہ بہشتی مقبرہ قادیان سے کچھ ان کی وصیت فائل جو ربوہ میں موجود ہے سے اور کچھ ان کی اولاد سے اکٹھے کئے گئے ہیں۔ زیادہ حصہ ان کی ایک بیٹی محترمہ آمنہ بیگم صاحبہ مرحومہ (وفات 28/اپریل 2002ء) جو خاکسار کی خوش دامنہ تھیں سے سن کر لکھے گئے ہیں۔

تحریر نصب کتبہ بہشتی مقبرہ قادیان پر ان کی وصیت نمبر 4432 تاریخ وفات 15 جون 1936ء اور عمر 64 سال درج ہے۔ ان معلومات سے ان کی تاریخ پیدائش 1872ء بنتی ہے۔ وصیت کی فائل دیکھنے سے ان کی تاریخ وصیت 7/اکتوبر 1935ء اور تاریخ بیعت 24/اپریل 1902ء کا پتہ چلا۔ 24 اپریل 1902ء کے الحکم میں آپ کی بیعت کا یوں اندراج ہے۔ ''میاں فتح دین ولد محمد بخش 24/اپریل 1902ء ضلع گجرات''

وصیت فارم پر مصدق نمبر 1 ''پسر موصی بڑا بیٹا نواب خاں اور مصدق نمبر 2 پر اکبر علی'' کے نام اور دستخط ہیں۔ اکبر علی صاحب آپ کے بھتیجے تھے۔ فائل پر ایک چٹ لگی ہوئی ہے جس پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے لکھا ہوا ہے کہ ''ان کو شمالی قطعہ رفقاء میں دفن کرنے کی اجازت ہے'' یہ اجازت آپ نے نظارت بہشتی مقبرہ قادیان کی درخواست پر دی تھی۔ وفات پر آپ کو امانتاً گاؤں میں ہی دفن کر دیا گیا بعد میں 12/اپریل 1937ء کو بہشتی مقبرہ قطعہ نمبر 8 حصہ نمبر 6 قبر نمبر 9 میں دفن کیا گیا۔

حضرت چوہدری صاحب اسی گاؤں میں پیدا ہوئے۔ آپ دو بھائی تھے دوسرے ان سے بڑے تھے ابتدائی تعلیم کڑیاں والا گاؤں میں حاصل کی۔ ہائر تعلیم کے بارہ میں معلوم نہیں ہو سکا کہ کہاں سے حاصل کی۔ جلال پور جٹاں کے سرکاری اقبال ہائی سکول میں بطور ٹیچر ملازم ہوئے۔ گورنمنٹ کی طرف سے آپ کو مشرقی افریقہ کے کسی ملک میں بطور ٹیچر بھجوایا گیا۔ تین سال وہاں رہے۔ واپسی پر ان کو اُسی سکول میں بطور ہیڈ ماسٹر مقرر کیا گیا۔ اور وہیں سے پنشن پر ریٹائر ہوئے چونکہ سکول ٹیچر تھے اس لئے گاؤں میں منشی جی کے نام سے مشہور تھے۔ آپ نے دو شادیاں کیں پہلی بیوی سے ایک بیٹی زینب بی بی اور ایک بیٹا نواب خاں پیدا ہوئے۔ نواب خاں کی پیدائش پر بیوی فوت ہو گئیں، دوسری شادی جلد ہی کر لی کیونکہ بیٹا چھوٹا تھا۔ دوسری بیوی سے 4 بیٹیاں اور ایک بیٹا پیدا ہوئے جن کے نام اقبال بیگم، سردار بیگم، عائشہ بیگم، آمنہ بیگم اور محمد صادق تھے بیٹا محمد صادق کی پیدائش آپ کے افریقہ جانے پر ہوئی اور بیوی فوت ہو گئی۔ گھر والوں نے لڑکے کی پیدائش کی خبر تو لکھ دی لیکن بیوی کی وفات کا ذکر نہ کیا تا ان کو مسافری میں تکلیف نہ ہو تین سال کا عرصہ گذارنے کے بعد جب واپس آئے تو ان کو اپنی بیوی کی وفات کا پتہ چلا۔ پھر تا وفات کوئی اور شادی نہیں کی۔

بیعت کے متعلق ان کی اولاد سے پتہ چلا کہ وہ گھوڑی پر ملازمت کے سلسلہ میں جلال پور جٹاں جاتے تھے۔ ایک دن ان کو سڑک پر سبز رنگ کا ایک کاغذ ملا۔ گھوڑی سے اُتر کر جب اس کو پڑھا تو وہ سبز اشتہار تھا جو حضرت مسیح موعود نے 20 فروری 1886ء کو چھاپا تھا اس کا حصہ تھا اس ٹکڑے سے پتہ چلا کہ امام مہدی کا ظہور قادیان ضلع گورداسپور میں ہو چکا ہے۔ بنیادی طور پر طبیعت میں نیکی تھی اس لئے تحقیق کی غرض سے فوراً قادیان جانے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے اپنی اولاد کو بتایا کہ جب میں قادیان کی سرزمین میں پہنچا تو ایک بوڑھا کھیت سے گھاس کاٹ رہا تھا۔ اس سے حضور کی پہلی زندگی کے حالات دریافت کئے۔ اس نے بتایا کہ بچپن سے ہی نمازی بہت نیک اور پرہیز گار تھے کبھی کسی کے ساتھ لڑائی جھگڑا نہیں سنا اور تنہائی پسند تھے اب کچھ سالوں سے دماغ میں کوئی فتور ہو گیا ہے فتح دین صاحب فرماتے تھے کہ جب میں نے یہ باتیں اس بوڑھے شخص سے سنیں تو اسی وقت دل میں یقین ہو گیا کہ یہ شخص جھوٹا نہیں ہو سکتا جس کی ابتدائی زندگی اتنی نیکی کی گزری ہو۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود کی خدمت میں حاضر ہو کر بیعت کی سعادت سے بہرہ مند ہوئے اس کے علاوہ ان کی کوئی روایت یا واقعہ معلوم نہیں ہو سکا بہت کم گو سادہ طبیعت تھی۔ قادیان سے واپسی پر بھی اپنے بچوں کو نہیں بتایا کہ میں نے امام وقت کی بیعت کر لی ہے آہستہ آہستہ بچوں کو پتہ چلا۔ خود ہر سال جلسہ سالانہ قادیان پر جاتے جب بچے کافی بڑے ہو گئے تو پھر باری باری ان کو بھی جلسہ میں شمولیت کا موقع ملا ایک بیٹی سردار بیگم صاحبہ کی شادی ایک نہایت ہی مخلص احمدی مکرم چوہدری غلام رسول صاحب جو مانگا گاؤں تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے سے ہوئی ایک بیٹی کی پیدائش کے بعد وہ فوت ہو گئیں تو چوہدری فتح دین صاحب نے اپنی دوسری بیٹی جن کا نام محترمہ عائشہ بیگم تھا کا رشتہ دے دیا وہ خود اور ان کی ساری اولاد خدا تعالیٰ کے فضل سے احمدیت سے وابستہ ہیں۔ چوتھی بیٹی محترمہ آمنہ بیگم صاحبہ کی شادی مکرم چوہدری محمد حسین صاحب سکنہ کھرپہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ جو بہت ہی مخلص احمدی اور اپنے گاؤں کے نمبردار سے ہوئی۔ چوہدری محمد حسین صاحب اور ان کی ساری اولاد اللہ تعالیٰ کے فضل سے احمدیت کے ساتھ وابستہ ہے۔ ان کی ایک بیٹی محترمہ نور صفیہ صاحبہ خاکسار کی رفیقہ حیات ہیں۔ حضرت چوہدری فتح دین صاحب کے بڑے بھائی کے دو بیٹوں چوہدری ہاشم علی اور چوہدری اکبر علی صاحب نے خلافت ثانیہ کے زمانہ میں بیعت کی تھی۔ چوہدری ہاشم علی صاحب جو خود پٹواری تھے کے دو بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں جن کے اسماء گرامی چوہدری انور علی، چوہدری محمد اسلم، شریفاں بی بی، فاطمہ بیگم اور رضیہ بیگم ہیں۔ چوہدری انور علی صاحب کی شادی میری بڑی ہمشیرہ رسول بی بی صاحبہ بنت چوہدری محمد حسین صاحب سکنہ سدو کی تحصیل و ضلع گجرات میں چوہدری ہاشم علی صاحب کی زندگی میں ہوئی اس لئے ان کا سدو کی آنا جانا رہتا تھا لیکن جلد ہی وفات پا گئے۔ باقی اولاد کی شادیاں ان کی وفات کے بعد (ان کی بیوی احمدی ہوتے ہوئے وفات پا گئی تھیں) ہوئیں۔ صرف فاطمہ بیگم صاحبہ کی شادی میرے بڑے بھائی چوہدری غلام حیدر صاحب سے احمدی گھرانے میں ہوئی باقی کی شادیاں غیر از جماعت گھرانوں میں ہوئیں۔ رسول بی بی صاحبہ اور فاطمہ بیگم صاحبہ کی ساری اولاد محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے احمدیت سے وابستہ ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ چوہدری فتح دین صاحب کے درجات بلند کرے ان کی ساری نسل کو جو احمدیت سے وابستہ ہیں فعال زندگی گزارنے کی توفیق عطا فرمائے اور باقی کو بھی احمدیت کے نور سے نوازے۔ آمین۔

(بقیہ صفحہ 5)

کاروں کے تحفظ کیلئے قائم کیا گیا تھا۔ جو کمپنیاں خود اپنی سکیورٹیز فروخت کر کے پیسہ جمع کرنا چاہتی ہیں۔ ان کیلئے وفاقی قوانین کے تحت یہ لازم ہے کہ وہ کمیشن کو اپنی کاروباری سرگرمیوں کے بارے میں حقائق فراہم کریں۔ کمیشن کو سکیورٹی کی فروخت میں فراڈ کو روکنے یا اس پر سزا دینے کا اختیار حاصل ہے سٹاک ایکسچینج کی نگرانی کا اختیار بھی کمیشن کے پاس ہے۔

18۔ سمال بزنس ایڈمنسٹریشن

یہ ادارہ چھوٹے کاروبار کیلئے قرض دیتا ہے اور سیلاب و دیگر آفات کے متاثرین کی امداد کرتا ہے یہ ادارہ وفاقی حکومت کو اشیاء اور خدمات کی فراہمی کے ٹھیکے حاصل کرنے میں چھوٹے تاجروں کی مدد بھی کرتا ہے۔

19۔ یونائیٹڈ اسٹیٹ ایجنسی برائے انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ (USAID)

یہ ادارہ اقتصادی امداد کے وہ پروگرام چلاتا ہے جو ترقی پذیر ملکوں کے عوام کو اپنی انسانی اور اقتصادی وسائل کے فروغ، ان کی پیداواری صلاحیت میں اضافے اور وہاں عام انسانی زندگی کی سطح بلند کرنے میں مدد دینے کیلئے بناتے ہیں۔ یہ ایجنسی یو این چلڈرن فنڈ (یونیسیف) آرگنائزیشن آف امریکن سٹیٹ (O.A.S.) تکنیکی امداد کیلئے فنڈز پروگرام اور ورلڈ بینک گروپ جیسے اداروں میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی شمولیت میں مرکزی کردار ادا کرتی ہے۔ یہ ایجنسی محکمہ زراعت کے ساتھ مل کر خوراک برائے امن کا پروگرام بھی چلاتی ہے۔

21۔ یونائیٹڈ سٹیٹ آرمز کنٹرول ایجنسی

یہ ایجنسی ہتھیاروں کو محدود کرنے اور تخفیف اسلحہ کے معاملوں پر بین الاقوامی مذاکرات میں ریاست ہائے متحدہ کی شرکت اور نمائندگی کی ذمہ دار ہے ہتھیاروں پر کنٹرول کے بین الاقوامی کمیشنوں میں یہ ایجنسی امریکہ کی نمائندگی کرتی ہے اور تخفیف اسلحہ اور ہتھیاروں پر کنٹرول کے موضوع پر تحقیق میں مدد بھی دیتی ہے۔

21۔ یونائیٹڈ سٹیٹ پوسٹل سروس

یہ ایجنسی ایک ایسی خود مختار کارپوریشن چلاتی ہے جو 1971ء میں محکمہ ڈاک کی جگہ بنائی گئی تھی خطوط کو وصول کرنا انہیں متعلقہ جگہ تک پہنچانا اور تقسیم کرنا پوسٹل سروس کی ذمہ داری ہے ملک بھر میں پھیلے ہوئے ہزاروں مقامی ڈاکخانوں کو چلانا بھی اسی سروس کی ذمہ داری ہے۔ پوسٹل سروس بیرونی ممالک سے یونیورسل پوسٹل یونین اور دیگر معاہدوں کے تحت بین الاقوامی میل سروس کی خدمات بھی انجام بھی دیتی ہے۔ 1971ء میں ایک خود مختار پوسٹل ریٹ کمیشن بھی قائم کیا گیا تھا جو مختلف درجات کی میل کے نرخ مقرر کرتا ہے

(امریکی حکومت۔ ایک خاکہ رچرڈ سی۔ شروڈر انگریزی ایڈیشن مطبوعہ جنوری 1990ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 68444 میں رافعہ منیر

بنت منیر احمد چوہدری قوم اعوان پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلشن پارک مغل پورہ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 28-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ رافعہ منیر

گواہ شد نمبر 1 منیر احمد چوہدری والد موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالسمیع شاد وصیت نمبر 31908

مسل نمبر 68445 میں شاہدہ پروین

زوجہ منیر احمد چوہدری قوم اعوان پیشہ خانہ داری عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلشن پارک مغل پورہ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 28-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر ادا شدہ-/10000 روپے (2) رقم گریجوئٹی-/500000 روپے۔ جس میں چندہ عام ادا شدہ ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/3000 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شاہدہ پروین۔ گواہ شد نمبر 1 منیر احمد چوہدری خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالسلام شاد وصیت نمبر 32368

مسل نمبر 68446 میں خالدہ افضال

زوجہ محمد افضال قوم ہنجرا پیشہ ہومیو ڈاکٹر عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شاہ کوٹ ضلع ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 28-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور ڈیڑھ تولہ مالیتی اندازاً-/22000 روپے (2) بطور قرض حسنہ دی گئی رقم-/75000 روپے (3) حق مہر بذمہ خاوند-/3500 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/5000 روپے ماہوار بصورت آمد کلینک مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ خالدہ افضال۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالوحید بشیر ولد میاں عبداللطیف۔ گواہ شد نمبر 2 ارشاد احمد باجوہ ولد احمد دین

مسل نمبر 68447 میں نعمان احمد ناصر کاہلوں

ولد ناصر احمد کاہلوں قوم کاہلوں پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 117 چھور مغلیاں ضلع ننکانہ صاحب بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-4-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ نعمان احمد ناصر۔ گواہ شد نمبر 1 قریشی خالد ندیم ولد قریشی محمد عبداللہ۔ گواہ شد نمبر 2 وقار احمد ولد مختار احمد

مسل نمبر 68448 میں عابدہ رحیم

زوجہ شیخ منور احمد قوم سید پیر پیشہ پرائیویٹ ہوم جاب عمر 46 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دنیا پور ضلع لودھراں بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 15-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) تین عدد بکریاں مالیتی-/8000 روپے (2) حق مہر بذمہ خاوند-/12000 روپے (3) نقد رقم (از جائیداد والد مرحوم)-/12500 روپے (4) طلائی زیور 4 تولے مالیتی اندازاً-/60000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/3000 روپے ماہوار بصورت ہوم جاب مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عابدہ رحیم۔ گواہ شد نمبر 1 شیخ منظور احمد خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 ہارون الرشید فرخ مربی سلسلہ وصیت نمبر 27535

مسل نمبر 68449 میں مبشرہ ناصر

بنت مرزا ناصر احمد قوم مغل پیشہ طالب علم سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دنیا پور ضلع لودھراں بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 15-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/400 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مبشرہ ناصر۔ گواہ شد نمبر 1 شیخ محمد انور وصیت نمبر 25843۔ گواہ شد نمبر 2 ہارون الرشید فرخ مربی سلسلہ وصیت نمبر 27535

مسل نمبر 68450 میں صادقہ خانم

زوجہ مبشر احمد بھنڈر قوم چیمہ پیشہ خانہ داری عمر 60 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 98 شمالی ضلع سرگودھا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) طلائی زیور 5 تولے مالیتی اندازاً-/60000 روپے (2) حق مہر ادا شدہ-/6000 روپے (3) پنشن میں ملنے والی رقم-/250000 روپے۔ جو بچوں کو کاروبار کیلئے دیئے ہیں۔ اس وقت مجھے مبلغ-/2730 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ صادقہ خانم۔ گواہ شد نمبر 1 مدثر احمد بھنڈر ولد مبشر احمد بھنڈر۔ گواہ شد نمبر 2 رضوان احمد ولد مبشر احمد بھنڈر

مسل نمبر 68451 میں طارق احمد یوسف

